دار الافتاء والقضاء — الجامعة البنورية العالمية

متصل سائٹ تھانہ - پی او بکس نمبر ١٠٦٩٨ کراچی پاکستان

email: darulifta@gmail.com | web: www.onlinefatawa.com | ph: +92 21 32570077 | fax: +92 21 32564586

Name :	**Intekhab alam**	Serial No :	**27700**	MODE: **Regular**
Address :	**Al riyadh saudi arabia**	Date :	**1/18/2016**	
Subject :	**Gharelu izdiwaji masail**	Contact No:		
Writer :	**محمد سہیل جان**	Email :		

Kiya farmate he muftiyane kiram us muballigh ke talluq se jo aksar tableegh ke silsile me safar me rahte he ya ghar se bahar hi rahte he es silsilae tableegh me aane ke bad un ki zindagi ka aksar hissa tableegh me hi guzar jata he to aisi surat muballigh e islam kj biwi ko apne shohar ki gher mojudgi me apni jinsi taskeen ke liye kisi gher mard se milne ki ya mubashirat karne ki ijazat he ya nahi baraye meharbani jald az jald jawab irsal farmaye allah ashabe kher hazrat ko jazaye kher ata farmaye jo deen ke liye sab kuch qurban kar dete he

کیا فرماتے ہیں مفتیان کرام اس مسئلہ کے بارے میں ان مبلغین کے حوالہ سے جو اکثر تبلیغ کے سلسلہ میں سفر میں رہتے ہیں یا گھر سے باہر ہی رہتے ہیں تبلیغ سے آنے کے بعد ان کی زندگی کا اکثر حصہ تبلیغ میں ہی گزرتا ہے تو ایسی صورت میں مبلغ اسلام کی بیوی کو شوہر کی غیر موجودگی میں اپنی جنسی تسکین کے لئے کسی غیر مرد سے ملنے یا مباشرت کرنے کی اجازت ہے یا نہیں برائے مہربانی جواب ارسال فرمائے۔

الجواب حامداومصليا

کسی دینی یا دنیوی غرض مثلاً تعلیم ،تبلیغ ،ٹریننگ ،ملکی سرحدات کی حفاظت اور اسی طرح دیگر سرکاری یا غیر سرکاری ملازمت وغیرہ کے سلسلہ میں گھروں سے کم وبیش مدت کیلئے باہر رہنے والے افراد کا شرعاً ایک ہی حکم ہے اور وہ یہ کہ ان کا مذکور امور کیلئے گھروں سے حسب موقع وضرورت نکلنا جائز ہے البتہ چار ماہ میں کم از کم ایک بار ان پر بیوی کا حق زوجیت دیانۃ ادا کرنا لازم ہے، تاکہ کسی قسم کے فتنہ کا اندیشہ نہ ہو تاہم اگر وہ اس معاملہ میں کوتاہی کریں تو اسکی وجہ سے وہ اگرچہ گناہ گار ہوں، مگر ان کی بیویوں کا ان حضرات کی غیر موجودگی میں کسی غیر شخص کے ساتھ بے تکلفانہ تعلقات قائم کرنا اور مباشرت کر لینا کسی حال میں جائز نہیں بلکہ یہ زنا ہے، جو کہ قرآن و سنت کے صریح احکام کی روشنی میں حرام ہے، جس کا ارتکاب کسی بھی عام مسلمان کی شان کے خلاف ہے اور اسکے ارتکاب پر قرآن و سنت میں سخت وعیدیں بیان فرمائی گئی ہیں، حتی کہ اس کے ارتکاب پر رجم (سنگسار کرنے) جیسے سخت ترین سزا کے اجراء کا حکم بھی سنایا گیا ہے، اس لئے اس سے احتراز لازم ہے۔

قال تعالىٰ :﴿ الزانية والزانى فاجلدوا كل واحد منهما مائة جلدة ﴾.(سورة النور).

وقال تعالىٰ :﴿و لاتقربوا الزنىٰ انه كان فاحشة و سآء سبيلاً ﴾.(سورة بنى اسرائيل).

و فى الصحيح لمسلم : قال أبو هريرة : ان رسول الله ﷺ قال : لا يزنى الزانى حين يزنى و هو مؤمن الخ (الصحيح لمسلم ج ١ ص ٧٦).

و فى الشامية : لا ينبغى أن يطلق له مقدار مدة الايلاء و هو أربعة أشهر (الى قوله) ويؤيد

ذلك أن عمر رضى الله عنه لما سمع فى الليل امرأةً تقول: ــ

”فوالله لولا الله تخشى عواقبه ... لزحزح من هذا السرير جوانبه“

فسأل عنها فاذا زوجها فى الجهاد ، فسأل بنته حفصة : كم تصبر المرأة عن الرجل ؟

فقالت: أربعة أشهر ، فأمر أمراء الأجناد أن لا يتخلف المتزوج عن أهله أكثر منها.(ج٣ص٢٠٣)........والله أعلم.

محمد سہیل البازی عفی عنہ

دارالافتاء جامعہ بنوریہ سائٹ کراچی ١٦

١٥/ربیع الثانی/١٤٣٧ھ

الجواب صحیح
بندہ سیف اللہ جمیل
دارالافتاء جامعہ بنوریہ کراچی ١٦
١٥/ربیع الثانی ١٤٣٧ھ

دارالافتاء
٢٧٧٠٠
١٩/٢/٣٧ھ

رئیس
دارالافتاء جامعہ بنوریہ العالمیہ

30/1/16